DOI: https://doi.org/10.52541/fn.v59i2.1241

# ضلع پشاور میں حقِ میراث برائے خواتین کے موانع

نسیم اختر ❁
محی الدین ہاشمی ❁

# Impediments to the Women's Right to Inheritance in Peshawar District

Naseem Akhtar❁
Mohyuddin Hashimi❁

## ABSTRACT

Women have important positions in society in different capacities. Islam provides women with religious, political, social, and economic rights. Inheritance is one such right given by Islam to women. However, despite its provision in both Islamic and state laws, it is observed that women are often deprived of their right to inheritance in different parts of Pakistan. This article focuses on the Peshawar district and studies the prevalent attitudes towards women's right to inheritance. It also attempts to highlight the obstacles faced by women in the Peshawar district in securing their legal right to inheritance. Along

❁ ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبۂ اسلامیات، شہید بے نظیر بھٹو خواتین یونیورسٹی، پشاور۔

❁ ڈین شعبۂ عربی اور اسلامیات، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد۔

❁ Associate Professor, Department of Islamiyat, Shaheed Benazir Bhutto Women University, Peshawar, Pakistan. (naseemakhter@sbbwu.edu.pk)

❁ Professor, Faculty of Arabic & Islamic Studies, Allama Iqbal Open University, Islamabad, Pakistan. (mohyuddinh@gmail.com)

with consulting the resources in different libraries, the study employs quantitative methods to collect relevant data. Two hundred women belonging to the suburbs of the Peshawar district were provided with the questionnaires. The data collected was then analyzed through SPSS software. The results show that almost half of the women in the selected areas of Peshawar district received the inheritance. It was also revealed that, apart from other sociological factors, the main obstacle to the women's right to inheritance in the selected areas was caused by the male members of the family, particularly brothers.

Keywords

Peshawar, women, inheritance, Islamic law, Pakistani law.

## Summary of the Article

Women are allowed to share an inheritance under Islamic law with male members. Women have a share in inheritance in Pakistani laws, but it differs from Islamic inheritance law in some details. However, despite women's share in inheritance under Islamic and Pakistani laws, women are denied their share in inheritance due to societal concerns. Women desire a share of the inheritance, but they seldom get one. Social barriers, family, culture, legal complexities, parents, and siblings are all factors that contribute to this deprivation.

According to some statistics, some women forego their inheritance solely to avoid bloodshed and give up their right to inherit at their parents' request. Studies also indicate that one of the main reasons for the deprivation of inheritance is the opposition by brothers, as they do not want their sisters to partake in the inheritance.

This article focuses on the Peshawar district and studies the prevalent attitudes towards women's right to inheritance. It also attempts to highlight the obstacles faced by women in the Peshawar district in securing their legal right to inheritance. This study shows that parents, in-laws, and particularly brothers are among those who deprive women of their inheritance. Relationships have lost their respect, and women's rights, in particular, are being infringed. If a woman dares to approach the law to assert her rights, her parents and siblings threaten to end the relationship permanently. As a result, even if a woman desires to inherit her right, she could not do so since it becomes extremely difficult for her to leave the relationships she has as a mother, sister, wife, and daughter. As a result, she has to agree to give up her right to inherit. On the other side, getting justice from the courts is so complicated that it takes years; justice is seldom served, so women are afraid of legal action and relinquish their right to inherit.

Our survey indicates that in District Peshawar about 64 ٪ of women reported that women in their families were

given their share in inheritance in accordance with the Sharīʿah, whereas 30.5% of women said that they are deprived of inheritance by men. 33.5% of women also expressed their opinion to some extent that men are the real cause of deprivation because they did not want to share the property with their sisters and daughters. 41% of women said that their mothers were given a share in inheritance according to the Sharīʿah. 77% of women expressed their belief that they will be given a share in inheritance. Similarly, when women are asked: Who among brothers, fathers or mothers insists most on depriving women from inheritance? 71.5% of women blamed their brothers, while 18.5% of women blamed their mothers. When the same question was asked at the societal level, 57.5% of women blamed social customs, 38% of women cited family customs, and 5.4% cited national law. 15.5% of women said that, in case they are denied their legal share in inheritance, they want to get their rights through law, while 69.5 % of women gave their opinion that they do not want to take legal action against their siblings because the process is very expensive and difficult. When women were asked at whose request they would relinquish their rights, 53% of women said they would relinquish their rights at the behest of their mothers.

The study reveals that women's inheritance rights are

relatively preserved in Peshawar District; however, still there are occasions where females have been denied inheritance rights, owing to societal, cultural, and family system constraints.

۞۞۞۞۞

## تعارف

وراثت ملکیت میں انسان کا وہ حق ہے جو اللہ تبارک وتعالیٰ کی جانب سے اس کے لیے مقرر کیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کسی انسان کی حق تلفی کو پسند نہیں فرماتا، اس لیے جائز وارثوں کے لیے ان کے حصص مقرر فرما دیے گئے ہیں تاکہ وارثوں کو ان کے حق سے محروم نہ کیا جا سکے۔ "وراثت ایک غیر اختیاری انتقال ملکیت ہے۔ جس کے ذریعے ایک متوفی کا ترکہ اس کے ورثا کے حق میں بطریق خلاف جانشینی منتقل ہو جاتا ہے۔"[۱] عورت چوں کہ اسلامی معاشرت کا ایک اہم ترین ستون ہے، اس لیے اسلام نے اس کے لیے جملہ دینی اور معاشرتی حقوق کا تعین کیا ہے۔ وراثت کا حق بھی انھی حقوق میں سے ایک ہے۔

قبل از اسلام، بالخصوص عرب معاشرے میں، عورتوں کو نہ صرف یہ کہ عموماً وراثت سے محروم رکھا جاتا تھا بلکہ وہ خود وراثت کا مال تصور کی جاتی تھی۔ اسلام نے آکر اس روش کی اصلاح کی اور عورتوں کو وراثت میں حصہ دار بنایا۔[۲] تاہم دور حاضر میں بہت سے مسلم معاشروں میں عورتوں کو شریعت کے عطا کردہ حق وراثت سے محروم رکھا جاتا ہے۔ خواتین کو میراث سے محروم کرنے کے بہت سے عوامل ہیں جو بعض اوقات علاقہ بہ علاقہ تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔ زیر نظر مقالے میں ضلع پشاور میں حق میراث برائے خواتین کے موانع کا ایک تحقیقی جائزہ پیش کیا جا رہا ہے۔

## سابقہ کام کا جائزہ

زیر بحث موضوع پر بہت کم تحقیقی مطبوعات سامنے آئی ہیں۔ پاکستان کے مختلف علاقوں کے بارے میں ثقافتی اور تاریخی کتب میں عورتوں کے طرز حیات پر مبنی روایات کا تذکرہ ملتا ہے جیسا کہ رابرٹ این پیرسن

---

۱۔ تنزیل الرحمن، **مجموعہ قوانین اسلام** (اسلام آباد: ادارہ تحقیقاتِ اسلامی، ۲۰۰۴ء)، ۵: ۱۵۲۹۔

2– Haifaa A. Jawad, *The Right of Women in Islam: An Authentic Approach* (London: Macmillan Press, 1998), 61.

رضا، *The Social Organization of the Marri Baluch* کی (Robert N. Pehrson) ہمدانی کی **پٹھانوں کے رسم ورواج**، نرجس بتول کی **راجن پور میں عورتوں کی خرید وفروخت**، نفیسہ شاہ کی *Honour Unmasked: Gender Violence, Law, and Power in Pakistan*اور عطیہ داؤد کی **سندھ کی عورت: سپنے سے سچ تک** وغیرہ۔ ۔علاوہ ازیں سید جلال الدین عمری نے **عورت اور اسلام** اور **عورت اسلامی معاشرے میں**، محمد مظہر الدین صدیقی نے **اسلام میں حیثیت نسواں**، مولانا امین احسن اصلاحی نے **پاکستانی عورت دوراہے پر**، ارشاد احمد پنجابی نے **پنجاب کی عورت: حیات وثقافت**، ڈاکٹر مبارک علی نے **تاریخ اور عورت** اور سائرہ ہاشمی نے **اور وہ کالی ہوگئی** میں ثقافتی اور مذہبی حوالوں سے عورت کی حیثیت پر بحث کی ہے۔ قومی سطح پر حقوق نسواں کی آگاہی اور تنفیذ کے لیے پارلیمنٹ نے بل بھی پاس کیے ہیں۔ الیکٹرانک میڈیا نے عورتوں پر ہونے والے ظلم و زیادتی اور حقِ میراث کی فراہمی میں حائل رکاوٹوں پر ڈرامے بنائے اور اخبارات نے اپنے خصوصی ایڈیشن شائع کیے۔ مختلف این۔جی۔اوز۔ کے علاوہ تعلیمی اور تحقیقی ادارے اس بارے میں پروگرامات، سیمینارز، اور تربیتی ورکشاپس ترتیب دیتے رہتے ہیں۔ اس کے علاوہ بہت سی ایسی کتب موجود ہیں جن میں صوبہ خیبر پختونخواہ اور بالخصوص پشاور کی علاقائی، ثقافتی اور تاریخی حیثیت پر بات کی گئی ہے۔ ان میں ڈاکٹر سید امجد حسین کی **عالم میں انتخاب پشاور**، محمد ابراہیم ضیا کی **ماضی کی دریچوں میں**، قاری جاوید اقبال کی **ثقافت سرحد تاریخ کے آئینہ میں** نمایاں ہیں۔ تاہم ایسا کوئی کام ہماری نظر میں نہیں جس میں ضلع پشاور میں بسنے والی مختلف اقوام و قبیلوں کی خواتین کے حقِ میراث میں حائل موانع اور ان کے اسباب ووجوہات کا خصوصی جائزہ پیش کیا گیا ہو۔

## منہجِ تحقیق

اس تحقیقی کام کو انجام دینے کے لیے مختلف ذرائع مثلاً کتب، اخبارات ومجلات اور ضلع پشاور کے آرکائیوز سے استفادہ کیا گیا ہے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ ضلع پشاور کے مضافاتی علاقوں متنی، شاہ عالم، بڈھ بیر، سربند اور شیخان پورہ کی رہائش پذیر دو سو خواتین سے سوال نامے حل کرائے گئے ہیں جن میں حقِ میراث میں حائل رکاوٹوں کے اسباب و وجوہات کے حوالے سے سوالات کیے گئے تھے۔ اس کے بعد SPSS Software کے ذریعے ان کے جوابات کا شماریاتی تجزیہ کیا گیا ہے۔

## تقسیمِ وراثت کی حکمت

شریعت نے میت کے ترکے یا ملکیت میں اصل حق داروں کے حصے اس لیے مقرر کیے ہیں تاکہ اصل

وارثین کے حقوق محفوظ رہیں۔ اگر ملکیت کا رشتہ داروں یا وارثین میں سے کل ترکے کا اختیار صرف ایک ہی شخص کو دے دیا جاتا اور دوسرے رشتہ داروں یا وارثین کے حصے متعین نہ ہوتے تو ایسے افراد بھی ہوتے ہیں جو ترکہ یا جائے داد اپنے ذاتی اغراض و مقاصد پر اڑا دیتے ہیں اور اپنے مفاد کے سوا دوسروں کے حقوق کی پرواہ نہیں کرتے اور جائے داد یا مال و دولت میں ظالمانہ تصرف شروع کر دیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ احکام وراثت کی حکمت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

﴿لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ ۠ وَلِلنِّسَآءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ مِمَّا قَلَّ مِنْهُ اَوْ كَثُرَ ؕ نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا ۝ وَاِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ اُولُوا الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنُ فَارْزُقُوْهُمْ مِّنْهُ وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا﴾[۳]

(مردوں کے لیے اس مال میں حصہ ہے جو ماں باپ اور رشتہ داروں نے چھوڑا ہو اور عورتوں کے لیے بھی اس مال میں حصہ ہے جو ماں باپ اور رشتہ داروں نے چھوڑا ہو۔ خواہ تھوڑا ہو یا بہت اور یہ حصہ (اللہ کی طرف سے) مقرر ہے اور جب تقسیم کے موقع پر کنبہ کے لوگ اور یتیم اور مسکین آئیں تو اس مال میں سے ان کو بھی دو اور ان کے ساتھ بھلے مانسوں کی سی بات کرو۔)

یتیموں کا ذکرِ خاص اس وجہ سے کیا گیا ہے کہ بعض اوقات میت کے چھوٹے بچے پیچھے رہ جاتے ہیں اور بڑے بیٹے یا میت کے دوسرے رشتے دار سارے مال و دولت پر قابض ہو جاتے ہیں۔ لہٰذا اس کے متعلق سخت وعید فرمائی گئی ہے۔

اس سے قبل کی آیات میں اس بات کو واضح کیا گیا ہے کہ تمام انسان ایک ماں باپ (حضرت آدمؑ اور حضرت حواؑ) کی اولاد ہیں؛ اس ناطے ایک کنبہ ہیں اور سب برابر ہیں، کسی کو کسی پر فوقیت حاصل نہیں ہے۔ انسانی مساوات و اخوت کو کلیہ بنا کر اسی اساس پر معاشرتی اور معاشی حقوق متعین کیے گئے ہیں۔[۴] اسلام کا قانونِ میراث فطری تقاضوں کی تکمیل کرتا ہے، دولت کے غیر منصفانہ ارتکاز سے روکتا ہے اور خاندانی رشتوں کی محبت کو برقرار رکھنے کی ہدایت کرتا ہے۔ یہ اجتماعی ربط پیدا کرنے کا ایک خاص ذریعہ ہے۔ اس کے ذریعے حقوق کو استحکام اور تحفظ حاصل ہوتا ہے تاکہ کوئی شخص احساسِ محرومی یا پریشانی کا شکار نہ ہو۔ اگر جائز وارثوں کے لیے ان کے حصے مقرر نہ ہوتے اور محض شخصی پسند ناپسند پر معاملہ طے کیا جاتا تو خاندان افراط و تفریط کا شکار رہتا۔[۵]

---

۳۔ القرآن، ۴: ۷–۸۔

۴۔ حمید نسیم، **تعارف الفرقان** (کراچی: فضلی سنز، ۱۹۹۴ء)، ۱: ۴۶۷۔

۵۔ "علم المیراث" مشمولہ **اردو دائرۂ معارف اسلامیہ** (لاہور: دانش گاہ پنجاب، ۱۹۸۰ء)، ۱۴/۱: ۲۳۔

اسلام کی رو سے تمام چیزوں کا خالق و مالک صرف اللہ تعالیٰ ہے۔ انسان کو جو چیزیں عطا کی گئی ہیں خواہ وہ مال و دولت ہو یا جائے داد ان سب پر انسان کا تسلط عارضی ہے اور یہ انسان کے پاس اللہ کی امانت ہے۔ انسان ان چیزوں کا امانت دار ہے، اس لیے اللہ نے یہ سب انسان کی خواہش پر نہیں چھوڑا کہ وہ زندگی یا مرنے کے بعد اپنی خواہش کے مطابق اس امانت کو صرف کرے، بلکہ اللہ تعالیٰ نے زندگی گزارنے کے اصول و ضوابط مقرر فرمائے ہیں جس میں فرد اور افراد دونوں کی بھلائی ہے، تاکہ انسان ان کے ساتھ عدل و انصاف کے ساتھ چلے اور کسی کی حق تلفی نہ ہو۔

اصغر حسین دیو بندی احکام وراثت کی حکمت اور وضاحت کے پیشِ نظر فرماتے ہیں کہ احکام میراث قرآنِ پاک کے نصف صفحے سے زیادہ نہیں ہیں، لیکن اندازِ بیاں اس قدر فصیح و بلیغ اور مفید و مختصر ہے کہ ان میں پنہاں حکمت کا کھوج انسانی عقل سے بالاتر ہے۔ صرف اللہ ہی کی ذات احکم الحاکمین ہے جس نے انتہائی حسنِ انتظام سے مختلف حالات کی مناسبت سے وارثین کے حصص مقرر فرمائے ہیں۔[۶]

اسلام کا انسانی معاشرے پر ایک عظیم احسان یہ ہے کہ ترکے میں تمام وارثین کے حقوق متعین کر دیے گئے ہیں۔ تاریخ شاہد ہے کہ اسلام سے پہلے دنیا میں یہ دستور تھا کہ والدین کی جائے داد یا املاک سب سے بڑے بیٹے کی جانب منتقل ہو جاتی تھی۔ آج بھی بہت سے معاشروں میں وراثت کی غیر منصفانہ تقسیم کا رواج عام ہے۔ باپ چوں کہ مال و دولت کا مالک سمجھا جاتا ہے تو وہ اپنی جائے داد میں سے تھوڑا بہت وصیت میں دوسری اولادوں کے لیے بھی لکھ دیتا ہے، لیکن مال و دولت اور جائے داد کا اصل وارث بڑا بیٹا ہی ٹھہرایا جاتا ہے۔ یہ تقسیم اس نظریے کے تحت کی جاتی ہے کہ خاندانی دولت خاندان ہی میں ٹھہری رہے اور دوسری جانب منتقل ہو کر گھٹ نہ جائے۔ اسلام چوں کہ عدل و انصاف کا مذہب ہے، مساوات و اخوت کا علم بردار ہے اور امن و سلامتی کا ضامن ہے، اس لیے اسلامی قوانین کا تصور ہی یہ ہے کہ دولت صرف چند ہاتھوں میں سمٹ کر نہ رہ جائے بلکہ اس کی گردش ہوتی رہے اور نہ ہی معاشرتی ناانصافی اور اونچ نیچ کے حالات پیدا ہوں۔ یہ کہنا بے جا نہ ہو گا کہ اسلام کے تمام قوانین خواہ وہ اخلاقی ہوں یا عائلی، معاشرتی ہوں یا معاشی ایک منصفانہ نظام کے ضامن ہیں۔[۷]

---

۶۔ مولانا سید اصغر حسین، **مفید الوارثین** (لاہور: ادارہ اسلامیات، ۱۹۸۰ء)، ۲۵۔

۷۔ حمید نسیم، **تعارف الفرقان**، ۱: ۴۶۷۔

# قبل از اسلام عرب معاشرے میں عورت کی میراث اور اسلام میں عورت کی میراث کا آغاز

اگر تاریخ پر نظر ڈالی جائے تو ترکہ اور وراثت کے احکام کی بنیاد خونی رشتوں پر تھی اور یہی خون کا رشتہ وراثت اور ملکیت کا حق دلاتا تھا۔ یوں اولاد باپ کے مرنے کے بعد اس کے ترکے کی وارث قرار پاتی تھی، چوں کہ انسان فطرتاً جلد باز اور مفاد پرست ثابت ہوا ہے، اس لیے یہ اپنی ان خصوصیات سے کبھی بھی باز نہیں آتا اور وقت کی نزاکت کو دیکھتے ہوئے چالیں چلتا رہتا ہے۔ اگر جاہلی عرب معاشرے کی بات کی جائے تو چند استثناءات کو چھوڑ کر خواتین کو بالعموم معاشرے میں عزت واحترام حاصل نہ تھا۔ انھیں وراثت کے حق سے محروم رکھا جاتا تھا اور وراثت کا اصل حق دار مردوں کو تصور کیا جاتا تھا۔[۸]

اس نوعیت کے ظلم وستم کا شکار نہ صرف خواتین تھیں۔[۹] بلکہ بچوں کو بھی وراثت کے حق سے محروم رکھا گیا تھا۔[۱۰] معاملہ صرف میراث یا ترکے میں حصہ نہ دینے تک محدود نہ تھا بلکہ خواتین کو تو جانوروں سے بھی کم تر تصور کر کے ترکے میں سامان کی طرح بانٹ دیا جاتا تھا۔[۱۱] جاہلی عرب کے نزدیک میراث صرف طاقت ور مردوں کا حق تصور کیا جاتا تھا اور اس حق کے پیشِ نظر ملکیت یا وراثت مردوں میں بانٹ دی جاتی تھی؛[۱۲] کیوں کہ ان کی دلیل یہ تھی کہ وہ جنگوں میں ہتھیار اٹھاتے ہیں، قبیلوں کا دفاع کرتے ہیں اور اپنی جانوں کی قربانیاں دیتے ہیں۔[۱۳]

کتب تفسیر اور تاریخ سے وضاحت ہوتی ہے کہ جب تک صحابہ کرام مکہ معظمہ میں تھے، میراث جاہلی طریقوں کے مطابق ہی تقسیم ہوتی تھی۔ مدینہ میں بھی کچھ عرصے تک جاہلی طور طریقوں پر ہی عمل ہوتا رہا، پھر سورۃ

---

۸۔ محمد یٰسین مظہر صدیقی، **مکی عہدِ نبوی ﷺ میں اسلامی احکام کا ارتقاء** (لاہور: نشریات، ۲۰۰۸ء)، ۳۳۸۔

۹۔ عبداللہ مرعی بن محفوظ حامی، **اسلام اور دیگر مذاہب ومعاشروں میں عورت کے حقوق ومسائل**، ترجمہ، مفتی ثناء اللہ محمود (کراچی: دارالاشاعت، ۲۰۰۱ء)، ۱۴۷۔

۱۰۔ نفس مرجع، ۱۴۷۔

۱۱۔ نفس مرجع، ۶۴۔

۱۲۔ نفس مرجع، ۱۴۷۔

۱۳۔ نفس مرجع، ۶۴۔

النساء نازل ہوئی جس میں میراث کے اصول اور وارثین کے حقوق کے ساتھ ساتھ ان کے حصص بیان ہوئے ہیں، اور پھر اسی کے مطابق مسلمانوں میں وراثت تقسیم ہونے لگی۔ اس طرح رفتہ رفتہ جاہلی طور طریقوں کا خاتمہ ہو گیا۔

اس ضمن میں ایک روایت بیان کی گئی ہے جس میں نبی کریم ﷺ نے تنبیہ فرمائی کہ اصل وارثین کو ان کے حقوق سے محروم نہیں کرنا چاہیے:

حَدَّثَنَا عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ، عَنْ أَبِيهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُودُنِي عَامَ حَجَّةِ الوَدَاعِ مِنْ وَجَعٍ اشْتَدَّ بِي، فَقُلْتُ: إِنِّي قَدْ بَلَغَ بِي مِنَ الوَجَعِ وَأَنَا ذُو مَالٍ، وَلاَ يَرِثُنِي إِلَّا ابْنَةٌ، أَفَأَتَصَدَّقُ بِثُلُثَيْ مَالِي؟ قَالَ: «لاَ» فَقُلْتُ: بِالشَّطْرِ؟ فَقَالَ: «لاَ» ثُمَّ قَالَ: «الثُّلُثُ وَالثُّلُثُ كَبِيرٌ - أَوْ كَثِيرٌ - إِنَّكَ أَنْ تَذَرَ وَرَثَتَكَ أَغْنِيَاءَ، خَيْرٌ مِنْ أَنْ تَذَرَهُمْ عَالَةً يَتَكَفَّفُونَ النَّاسَ، وَإِنَّكَ لَنْ تُنْفِقَ نَفَقَةً تَبْتَغِي بِهَا وَجْهَ اللهِ إِلَّا أُجِرْتَ بِهَا، حَتَّى مَا تَجْعَلُ فِي فِي امْرَأَتِكَ» فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللهِ، أُخَلَّفُ بَعْدَ أَصْحَابِي؟ قَالَ: «إِنَّكَ لَنْ تُخَلَّفَ فَتَعْمَلَ عَمَلًا صَالِحًا إِلَّا ازْدَدْتَ بِهِ دَرَجَةً وَرِفْعَةً، ثُمَّ لَعَلَّكَ أَنْ تُخَلَّفَ حَتَّى يَنْتَفِعَ بِكَ أَقْوَامٌ، وَيُضَرَّ بِكَ آخَرُونَ، اللَّهُمَّ أَمْضِ لِأَصْحَابِي هِجْرَتَهُمْ، وَلاَ تَرُدَّهُمْ عَلَى أَعْقَابِهِمْ، لَكِنِ البَائِسُ سَعْدُ ابْنُ خَوْلَةَ» يَرْثِي لَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ مَاتَ بِمَكَّةَ.[۱۴]

(عامر بن سعد بن ابی وقاص نے اپنے والد سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حجۃ الوداع کے سال (۱۰ھ) میں میری عیادت کے لیے تشریف لائے۔ میں سخت بیمار تھا۔ میں نے کہا کہ میرا مرض شدت اختیار کر چکا ہے میرے پاس مال و اسباب بہت ہے اور میری صرف ایک لڑکی ہے جو وارث ہو گی تو کیا میں اپنے دو تہائی مال کو خیرات کر دوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ نہیں۔ میں نے کہا آدھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا نہیں۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک تہائی کر دو اور یہ بھی بڑی خیرات ہے یا بہت خیرات ہے اگر تو اپنے وارثوں کو اپنے پیچھے مالدار چھوڑ جائے تو یہ اس سے بہتر ہو گا کہ محتاجی میں انہیں اس طرح چھوڑ کر جائے کہ وہ لوگوں کے سامنے ہاتھ پھیلاتے پھریں۔ یہ یاد رکھو کہ جو خرچ بھی تم اللہ کی رضا کی نیت سے کرو گے تو اس پر بھی تمہیں ثواب ملے گا۔ حتیٰ کہ اس لقمہ پر بھی جو تم اپنی بیوی کے منہ میں رکھو۔ پھر میں نے پوچھا کہ یا رسول اللہ! میرے ساتھی تو مجھے چھوڑ کر) حجۃ الوداع کر کے (مکہ سے جا رہے ہیں اور میں ان سے پیچھے رہ رہا ہوں۔ اس پر نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ یہاں رہ کر بھی اگر تم کوئی نیک عمل کرو گے تو اس سے تمہارے درجے بلند ہوں گے اور شاید ابھی تم زندہ رہو گے اور بہت سے لوگوں کو) مسلمانوں کو (تم سے فائدہ پہنچے گا اور بہتوں کو) کفار و مرتدین کو (نقصان۔) پھر آپ ﷺ نے دعا فرمائی (اے اللہ! میرے ساتھیوں کو ہجرت پر استقلال عطا فرما اور ان کے قدم پیچھے کی طرف نہ لوٹا۔ لیکن مصیبت زدہ سعد بن خولہ تھے اور رسول

۱۴- **محمد بن اسماعیل بخاری، صحیح البخاری،** كتاب الجنائز، باب رثاء النبي صلى الله عليه وسلم سعد بن خولة (بیروت: دار ابن کثیر، ۲۰۰۴ء)، رقم: ۱۲۹۵، ۳۱۳۔

اللہ ﷺ نے ان کے مکہ میں وفات پا جانے کی وجہ سے اظہار غم کیا تھا۔)

حضور ﷺ کو اللہ تبارک وتعالیٰ نے خاتم النبیین بنا کر بھیجا۔ آپ ﷺ رحمت للعالمین تھے۔ جب بھی آپ ﷺ کے سامنے وراثت سے متعلق کوئی معاملہ درپیش ہوتا تو آپ ﷺ انصاف کے تقاضوں کو سامنے رکھتے ہوئے فیصلہ صادر فرماتے تھے۔ حقیقتاً عصرِ حاضر میں عورت کو بحیثیتِ ماں، بہن، بیوی اور بیٹی وراثت سے محروم کر دیا جاتا ہے۔ اسی طرح کی معاشرتی صورتِ حال حضور سرورِ کائنات ﷺ کے دور میں بھی تھی کہ عورت کو وراثت کا حق دار نہیں سمجھا جاتا تھا، لیکن پھر اس معاملے کے متعلق اللہ نے احکام نازل فرمادیے اور عورت کو میراث میں سے حصہ ملنے لگا۔

## وراثت اور پاکستانی قانون

مسلم عائلی قوانین کا آرڈی نینس پندرہ جولائی ۱۹۶۱ء سے رائج ہوا اور اس کا اطلاق پورے پاکستان اور تمام پاکستانی مسلمان باشندوں پر، خواہ وہ ملک کے اندر ہوں یا ملک سے باہر، کیا گیا۔ اس آرڈی نینس کے تحت اگر مورث کے کسی لڑکے یا لڑکی کا انتقال وراثت شروع ہونے سے قبل ہو جائے تو ایسی صورت میں انتقال پانے والے لڑکے یا لڑکی کی اولاد (اگر ان کی کوئی اولاد ہو) کو وہی حصہ ملے گا جو اس مرنے والی لڑکی یا لڑکے کو زندہ ہونے کی صورت میں ملتا۔[۱۵]

۱۱ر ستمبر ۲۰۰۶ء میں قومی اسمبلی میں تحفظ حقوقِ نسواں کے نام پر حدود آرڈی نینس میں ترمیم کا ایک بل زیرِ بحث لایا گیا جس میں خواتین کی وراثت کے حوالے سے بھی اہم نکات شامل تھے، جیسا کہ اگر خواتین کو وراثت سے محروم کیا جائے گا تو یہ قابلِ تعزیر جرم ہو گا۔ علاوہ ازیں، جاگیر دار گھرانوں میں اگر کسی عورت یا لڑکی کے لیے خاندان میں مناسب رشتہ موجود نہ ہو تو وراثت ہتھیانے کی غرض سے اس کی شادی قرآن سے کروانا، اسے ہمیشہ کے لیے غیر شادی شدہ رکھنے پر مجبور کرنا انتہائی سنگین جرم گردانا جائے گا۔ ایسے غیر انسانی اور غیر اخلاقی اقدامات پر تعزیری سزا دی جائے گی۔[۱۶]

اسی طرح ۲۰۱۱ء میں خواتین کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ایک پاکستان کی قومی اسمبلی نے The Prevention of Anti-Women Practices Act, ۲۰۱۱ کے عنوان سے ایک قانون

---

۱۵۔ ولی حسن ٹونکی، **عائلی قوانین شریعت کی روشنی میں** (کراچی: مجلس دعوت و تحقیق اسلامی، ۲۰۰۳ء)، ۱۲۶۔ ۱۲۷۔

۱۶۔ منیب الرحمٰن، **تحفظ حقوقِ نسواں بل: حقائق کیا ہیں؟** (کراچی: ادارہ معارف القرآن، س ن)، ۳۵۔ ۳۶۔

منظور کیا جس میں بعض دیگر امور کے علاوہ خواتین کو وراثت سے محروم کرنے کو بھی جرم قرار دیا گیا:

Under section 498 A, depriving women from inheriting property by deceitful or illegal means shall be punished with imprisonment which may extend to ten years but not be less than five years or with a fine of one million rupees or both.(17)

(دفعہ ۴۹۸اے کے تحت جو شخص کسی بھی عورت کو دھوکا دہی یا غیر قانونی ذرائع سے وراثت سے محروم کر دیتا ہے تو اسے دس سال تک سزا، جو پانچ سال سے کم نہیں ہو سکتی، یا دس لاکھ روپے جرمانہ یا دونوں سزائیں دی جا سکتی ہیں۔)

## ضلع پشاور کا تعارفی و تاریخی جائزہ

اس سے قبل کہ ہم ضلع پشاور میں حق میراث برائے خواتین کے موانع پر بحث کریں یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ایک نظر پشاور کی تاریخ اور رسوم و رواج پر ڈالی جائے۔ پشاور پاکستان کے صوبے خیبر پختونخوا کا دارالخلافہ ہے۔ یہ ایک قدیم شہر ہے۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت یعنی ۴۸ ہجری میں پشاور میں اسلام کی کرنیں پہنچی۔ آپؓ نے حضرت سنان بن مسلمہؓ کی کمان میں فوج بھیجی جس نے چغر مٹی کے مقام پر ہندوؤں کو شکست دے کر اسلام کا جھنڈا لہرایا۔ آج بھی اس جگہ پر اصحاب بابا کے نام سے ان کا مزار موجود ہے۔ اگر تاریخ کی ورق گردانی کی جائے تو یہ بات سامنے آتی ہے کہ ہزاروں سال پہلے وادی پشاور فارسی سلطنت کا بھی حصہ رہا۔ ۵۵۰ قبل مسیح میں پشاور میں بدھ مذہب عروج پر تھا۔ اسی طرح گیارھویں صدی عیسوی کے اوائل میں غزنوی حکومت نے یہاں پر اپنے قدم مضبوط کیے۔ ان کی حکومت کے قریباً ۵۰۰ سال بعد مغلیہ حکومت قائم ہوئی جس کی بنیاد ظہیر الدین بابر نے رکھی۔ اس نے جب پشاور کی خوبصورتی دیکھی تو اس وادی سے اس قدر متاثر ہوا کہ وادی پشاور کو اپنی عظیم سلطنت میں شامل کر لیا۔ اس علاقے پر ۱۸۲۳ عیسوی میں سکھوں کا قبضہ ہو گیا۔ جب کہ ۱۸۴۹ عیسوی میں انگریزوں نے اس پر اپنا تسلط قائم کیا اور پھر جب قریباً ۱۰۰ سال بعد ۱۴/ اگست ۱۹۴۷ء کو پاکستان معرضِ وجود میں آیا تو وادی پشاور پاکستان کے صوبہ سرحد، جس کا موجودہ نام خیبر پختونخوا ہے، کا حصہ بن گیا۔(۱۸)

پشاور اپنی قابلِ قدر روایات، تہذیب و ثقافت اور تاریخ کا امین ہونے کی وجہ سے آج بھی زندہ، پر رونق

---

17– "Prevention of Anti-Women Practices Act, 2011," accessed September 1, 2021, http://shrc.org.pk/laws/Pakistan/16-Prevention-of-Anti-Women-Practices-Act-2011.pdf.

۱۸– عمران رشید عمران، **پشاور صدر تاریخ کے آئینے میں** (پشاور: لیاقت بازار، ۲۰۱۱ء)، ۴۷-۴۸۔

اور مشہور شہر ہے۔[۱۹] وادی پشاور کے سینے پر کئی فاتحین اور حملہ آوروں کے عروج وزوال کی داستانیں محفوظ ہیں۔ اس وادی میں ہندو مت اور بدھ مت کے ادوار کی عبادت گاہیں، قدیم گندھارا کے کھنڈرات اور اسلامی عہد کے مغل دور میں بنائی جانے والی کئی مساجد، عمارتیں، قلعے، باغات، اور سیر گاہیں موجود ہیں۔[۲۰]

اس وادی کے مقیم لوگ پٹھان کہلاتے ہیں۔ یہ پشتو بولی بولتے ہیں۔ پٹھانوں میں کئی مشہور قبیلے ہیں۔ منڈانر پشار میں رہائش پذیر ہیں، یہ انتہائی دلیر اور جرأت مند قبیلہ ہے۔ مہمند پٹھان باڑاندی کے ساتھ مقیم ہیں۔ ان کا پیشہ کاشت کاری ہے۔ آفریدی درہ خیبر کے پاس مقیم ہیں۔ یہ محنتی اور ملنسار ہیں۔ یہ قبیلہ اسلحہ سازی کی تیاری اور استعمال میں بہت ماہر ہے۔[۲۱] اچکزئی بھی پٹھانوں ہی کا ایک قبیلہ ہے جو پشاور میں رہائش پذیر ہے۔ یہ قبیلہ کاروبار اور تجارت میں دل چسپی رکھتا ہے۔[۲۲]

## پشاور کے رسوم ورواج

چوں کہ پختون قوم تہذیبی حُسن اور ثقافتی صداقت کا سرچشمہ ہے اس لیے تہذیبی و ثقافتی اتحاد اور یک جہتی کو عرفِ عام میں پختو (پشتو) کا نام دیا گیا اور یہی پختو اور پختون ولی (پشتون ولی)، پختون قوم کی تمام تر تہذیبی، ثقافتی، سماجی اور تمدّنی سرگرمیوں کا نہ صرف احاطہ کرتی ہے بلکہ ترجمانی و عکّاسی بھی کرتی ہے۔[۲۳] پشتون قبائل کا معاشرتی آئین، دستور یا ضابطہ اخلاق پشتون ولی کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ ضابطہ اخلاق یعنی معیار سے واقف ہونا نظم ونسق کے نقطۂ نگاہ سے کسی طور کم اہم نہیں ہے۔ یہ ماضی میں بھی رائج تھا اور اب بھی رائج ہے جو لوگوں کے اعمال و کردار پر اثر انداز ہوتا ہے اور جو کچھ تبدیلیوں کے ساتھ تمام پشتون قبائل میں رائج رہا ہے۔ اب وقت کے ساتھ ساتھ اس کا اثر کم ہوتا جارہا ہے۔ پشتون ولی میں خون کا بدلہ لینا، پناہ لینے والے کے لیے آخری سانس تک لڑنا، اگر کوئی جائے داد یا امانت سپرد کردے تو اس کے لیے آخری دم تک لڑنا، مہمان نوازی کرنا اور مہمان کی جان ومال کی حفاظت کی خاطر لڑنا، عورتوں اور بچوں کے قتل سے پرہیز کرنا، سیاہ کار کو قتل کرنا اور عورت، مولوی یا سید اگر سر پر قرآن رکھ کر لے آئے تو لڑائی روک دینا وغیرہ جیسے خصائص شامل ہیں۔[۲۴]

---

۱۹۔ سید امجد حسین، **عالم میں انتخابِ پشاور** (امریکہ: لٹیری سرکل آف ٹولیڈو امریکہ، ۱۹۹۹ء)، ۳۳۔

۲۰۔ جاوید اقبال، **ثقافتِ سرحد تاریخ کے آئینہ میں** (لاہور: الفیصل ناشران)، ۱۴۔

۲۱۔ انجم سلطان شہباز، **اقوام پاکستان کا انسائیکلوپیڈیا** (لاہور: مطبع زاہد بشیر پرنٹرز، ۲۰۰۹ء)، ۹۸۳۔

۲۲۔ نفس مرجع، ۹۸۴-۹۸۵۔

۲۳۔ امجد حسین، **عالم میں انتخابِ پشاور**، ۳۴۔

24– https://ur.wikipedia.org/wiki/

پختون ثقافت و معاشرت میں عورتوں کی عزت اور احترام کو ایک قانون کی حیثیت حاصل ہے۔ لڑائی جھگڑوں میں خواتین کو نقصان نہیں پہنچایا جاتا۔ نہ اُن کی طرف میلی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ اگر جنگ کے دَوران خواتین امن کی خاطر بیچ میں آجائیں، تو جنگ بندی ہو جاتی ہے۔[۲۵] لیکن اس احترام کے باوجود عورت کو اس کا حق وراثت دینے کے حوالے سے پس و پیش سے کام لیا جاتا ہے۔

## شماریاتی جائزہ

ضلع پشاور میں حق میراث برائے خواتین کے موانع کو جاننے کے لیے شماریاتی مطالعے کے ذریعے بھی جائزہ لیا گیا ہے۔ شماریاتی مطالعے کے لیے ۲۰۰ خواتین سے سوال نامے پشاور کے مختلف مضافاتی علاقوں جیسا کہ متنی، شاہ عالم، بڈھ بیر، سر بند اور شیخان پورہ کی مقیم خواتین سے حل کرائے گئے، جن کی عمریں (۱۹-۲۵)، (۲۶-۳۰)، (۳۱-۳۵)، (۳۶-۴۰) اور ۴۰ سے زیادہ تھیں، جس میں ملازمت پیشہ اور غیر ملازمت پیشہ دونوں قسم کی خواتین شامل تھیں۔ ذیل میں شماریاتی جائزہ پیش کیا جاتا ہے۔

## جدول نمبر ۱

آپ کے خاندان میں خواتین کو وراثت دینے کا رواج ہے۔

| کل تعداد | کیا آپ کے خاندان میں خواتین کو وراثت دینے کا رواج ہے؟ | | | |
|---|---|---|---|---|
| | جی ہاں | جی نہیں | کسی حد تک | |
| ۴۰ | ۸ | ۱ | ۳۱ | متنی |
| ۴۰ | ۱۱ | ۱ | ۲۸ | شاہ عالم |
| ۴۰ | ۶ | ۶ | ۲۸ | بڈھ بیر |
| ۳۹ | ۷ | ۴ | ۲۸ | سر بند |
| ۴۱ | ۵ | ۸ | ۲۸ | شیخان پورہ |
| ۲۰۰ | ۳۷ | ۲۰ | ۱۴۳ | کل تعداد |

جدول نمبر ۱ میں مذکورہ بالا سوال سے متعلق ۱۷.۵٪ فیصد خواتین اس بات پر متفق ہیں کہ ان کے خاندان میں وراثت دینے کا رواج ہے جب کہ ۱۰٪ فیصد خواتین نے بتایا کہ ان کے خاندان میں وراثت خواتین کو نہیں دی جاتی اور اسی طرح ۱۸.۵٪ فیصد خواتین نے اپنے خیالات کا اظہار کیا کہ شاید کہ انھیں وراثت میں حصہ دیا

۲۵- امجد حسین، **عالم میں انتخابِ پشاور**، ۳۴۔

جائے؛ کیوں کہ کچھ کیسز دیکھنے میں آئے ہیں کہ خواتین کو وراثت میں حصے دیے گئے ہیں۔

## جدول نمبر ۲

آپ کے خاندان میں خواتین کو وراثت شریعت کے مطابق دی جاتی ہے۔

| کل تعداد | کیا آپ کے خاندان میں خواتین کو وراثت شریعت کے مطابق دی جاتی ہے؟ | | | |
|---|---|---|---|---|
| | کسی حد تک | جی نہیں | جی ہاں | |
| ۴۰ | ۱۰ | ۵ | ۲۵ | متنی |
| ۴۰ | ۱۲ | ۳ | ۲۵ | شاہ عالم |
| ۴۰ | ۶ | ۷ | ۲۷ | بڈھ بیر |
| ۳۹ | ۷ | ۵ | ۲۷ | سربند |
| ۴۱ | ۸ | ۸ | ۲۵ | شیخان پورہ |
| ۲۰۰ | ۴۳ | ۲۸ | ۱۲۹ | کل تعداد |

جدول نمبر ۲ میں پوچھے گئے سوال سے متعلق ٪۶۴۰۵ فیصد خواتین نے بتایا کہ ان کے خاندان میں خواتین کو شریعت کے مطابق حصے دیے جاتے ہیں اور وہ امید کرتی ہیں کہ انھیں بھی شریعت کے مطابق وراثت میں حصہ دیا جائے گا؛ جب کہ ٪۱۴ فیصد خواتین نے اپنے خیالات کو ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ ان کے خاندان میں خواتین کو شریعت کے مطابق حصے نہیں دیے جاتے بلکہ وراثت سے محروم کر دیا جاتا ہے۔ اسی طرح ٪۲۱۰۵ فیصد خواتین نے اپنی رائے دیتے ہوئے بتایا کہ ان کے خاندان میں کچھ کیسز ایسے دیکھنے میں آئے ہیں کہ خواتین کو شریعت کے مطابق حصے دیے گئے لہٰذا ان کا کہنا ہے کہ ہو سکتا ہے کہ ان کے والدین یا بھائی ان کو وارثت میں حصہ دیں۔

## جدول نمبر ۳

آپ کے خاندان میں خواتین کو وراثت دینے میں سب سے زیادہ مانع مرد ہوتے ہیں۔

| کل تعداد | کیا آپ کے خاندان میں خواتین کو وراثت دینے میں سب سے زیادہ مانع مرد ہوتے ہیں؟ | | | |
|---|---|---|---|---|
| | کسی حد تک | جی نہیں | جی ہاں | |
| ۴۰ | ۱۰ | ۱۷ | ۱۳ | متنی |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| شاہ عالم | ١٨ | ١٦ | ٦ | ٤٠ |
| بڈھ بیر | ٩ | ١٢ | ١٩ | ٤٠ |
| سر بند | ١٢ | ١٢ | ١٥ | ٣٩ |
| شیخان پورہ | ٩ | ١٥ | ١٧ | ٤١ |
| کل تعداد | ٦١ | ٧٢ | ٦٧ | ٢٠٠ |

جدول نمبر ٣ میں ٣٠٠٥٪ فیصد خواتین نے سوال سے متعلق اپنی رائے دیتے ہوئے کہا کہ وراثت سے محرومی کی اصل وجہ ان کے والد یا بھائی ہوتے ہیں جو بیٹیوں یا بہنوں کو وارثت میں حصہ نہیں دینا چاہتے جب کہ ٣٦٪ فیصد خواتین نے کہا کہ وہ وارثت سے محرومی کے لیے اپنے والد یا بھائیوں کو موردِ الزام نہیں ٹھہراتیں۔ ٣٣٠٥٪ فیصد خواتین کا جواب تھا کہ وراثت سے محرومی کا الزام کسی حد تک والد اور بھائیوں پر عائد ہوتا ہے۔ جن خواتین نے ہاں میں جواب دیا اور جن خواتین نے کسی حد تک میں جواب دیا دونوں کو ملا کر ٦٤٪ عورتوں کا خیال ہے کہ ان کا حقِ وراثت نہ دینے میں مردوں کا کردار ہے، جو ایک قابل فکر، قابل غور اور حل طلب صورتِ حال ہے۔ اس نتیجے سے ثابت ہوتا ہے کہ مردوں کی ایک بڑی تعداد شریعت اسلامی کے واضح حکم (حقوق العباد) سے روگردانی کرتی نظر آرہی ہے جو ایک انتہائی سنگین مسئلہ ہے۔

## جدول نمبر ٤

آپ کی والدہ کو شریعت کے مطابق وراثت میں حصہ دیا گیا تھا۔

| | کیا آپ کی والدہ کو شریعت کے مطابق وراثت میں حصہ دیا گیا تھا؟ | | | کل تعداد |
|---|---|---|---|---|
| | جی ہاں | جی نہیں | کسی حد تک | |
| متنی | ١٦ | ١٥ | ٩ | ٤٠ |
| شاہ عالم | ١٨ | ١٧ | ٥ | ٤٠ |
| بڈھ بیر | ١٣ | ١٩ | ٨ | ٤٠ |
| سر بند | ١٧ | ١٣ | ٩ | ٣٩ |
| شیخان پورہ | ١٨ | ١٨ | ٥ | ٤١ |
| کل تعداد | ٨٢ | ٨٢ | ٣٦ | ٢٠٠ |

جدول نمبر ۴ میں ۴۱٪ فیصد خواتین کا جواب تھا کہ ان کی والدہ کو وراثت میں حصہ دیا گیا تھا لہٰذا امید کی جاتی ہے کہ انھیں بھی اسی طرح وراثت میں حصہ دیا جائے گا۔ جب کہ ۴۱٪ فیصد خواتین نے اس بات کا انکشاف کیا کہ ان کی والدہ کو وراثت میں حصہ نہیں دیا گیا ہے، اس لیے انھیں کوئی خاطر خواہ امید نہیں ہے کہ انھیں وراثت میں حصہ ملے گا۔ اسی طرح ۱۸٪ فیصد خواتین نے اپنے خیالات کا اظہار کچھ ایسے انداز میں کیا کہ انھیں اپنے خاندان والوں سے زیادہ امید نہیں ہے کہ انھیں وراثت میں حصہ دیا جائے گا۔

## جدول نمبر ۵

آپ کو یقین ہے کہ آپ کو شریعت کے مطابق وراثت میں حصہ ملے گا۔

| کل تعداد | آپ کو یقین ہے کہ آپ کو شریعت کے مطابق وراثت میں حصہ ملے گا۔ | | | |
|---|---|---|---|---|
| | کسی حد تک | جی نہیں | جی ہاں | |
| ۴۰ | ۶ | ۵ | ۲۹ | متنی |
| ۴۰ | ۶ | ۰ | ۳۴ | شاہ عالم |
| ۴۰ | ۶ | ۵ | ۲۹ | بڈھ بیر |
| ۳۹ | ۵ | ۰ | ۳۴ | سربند |
| ۴۱ | ۷ | ۵ | ۲۹ | شیخان پورہ |
| ۲۰۰ | ۳۰ | ۱۵ | ۱۵۵ | کل تعداد |

مذکورہ بالا جدول میں ۷۷.۵٪ فیصد خواتین نے بتایا کہ انھیں شریعت کے مطابق حصہ ملے گا؛ کیوں کہ ان کے خاندان کی دیگر خواتین کو بھی وراثت کا حق شریعت کے مطابق دیا گیا۔ ۷.۵٪ فیصد خواتین نے کہا کہ انھیں وراثت ملنے کی امید نہیں ہے، کیوں کہ ان کے خاندان کی دیگر خواتین کو بھی وراثت نہیں ملی۔ جب کہ ۱۵.۵٪ فیصد خواتین اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ کسی حد تک وہ اپنے خاندان والوں سے امید رکھ سکتی ہیں؛ کیوں کہ خاندان میں ایسے کیسز دیکھنے میں آئے ہیں کہ خواتین کو وراثت ملی ہے۔

## جدول نمبر ۶

آپ کو شریعت کے مطابق وراثت میں حصہ دینے میں سب سے زیادہ کون مانع ہے۔

| کل تعداد | آپ کو شریعت کے مطابق وراثت میں حصہ دینے میں سب سے زیادہ مانع کون ہے؟ | | | |
|---|---|---|---|---|
| | والدہ | بھائی | والد | |
| ۴۰ | ۵ | ۲۸ | ۷ | متنی |
| ۴۰ | ۷ | ۳۰ | ۳ | شاہ عالم |
| ۴۰ | ۱۴ | ۲۳ | ۳ | بڈھ بیر |
| ۳۹ | ۴ | ۳۱ | ۴ | سر بند |
| ۴۱ | ۷ | ۳۱ | ۳ | شیخان پورہ |
| ۲۰۰ | ۳۷ | ۱۴۳ | ۲۰ | کل تعداد |

جدول نمبر ۶ میں ۱۰٪ فیصد خواتین نے بتایا کہ شریعت کے مطابق وراثت میں حصہ دینے میں والد مانع ہیں۔ جب کہ ۱۸٫۵٪ فیصد خواتین نے والدہ کو وراثت میں حصہ نہ دینے کا ذمہ دار ٹھہرایا اور ۷۱٫۵٪ فیصد خواتین نے بتاتا کہ بھائی انھیں وراثت سے محروم کر دیتے ہیں۔

## جدول نمبر ۷

آپ کو شریعت کے مطابق وراثت میں حصہ دینے میں سب سے زیادہ مانع ہیں۔

| کل تعداد | آپ کو شریعت کے مطابق وراثت میں حصہ دینے میں سب سے زیادہ مانع ہیں؟ | | | |
|---|---|---|---|---|
| | خاندانی رسوم ورواج | معاشرتی رسوم ورواج | ملکی قانون | |
| ۴۰ | ۱۶ | ۲۱ | ۳ | متنی |
| ۴۰ | ۱۹ | ۱۹ | ۲ | شاہ عالم |
| ۴۰ | ۱۰ | ۳۰ | ۰ | بڈھ بیر |
| ۳۹ | ۱۴ | ۲۳ | ۲ | سر بند |
| ۴۱ | ۱۷ | ۲۲ | ۲ | شیخان پورہ |
| ۲۰۰ | ۷۶ | ۱۱۵ | ۹ | کل تعداد |

مندرجہ بالا جدول میں ۴۰.۵٪فیصد خواتین نے وراثت میں حصہ نہ ملنے کا سبب ملکی قانون کو ٹھہرایا، جب کہ ۳۸٪فیصد خواتین نے خاندانی رواج کو ذمہ دار بتایا اور ۵۷.۵٪فیصد خواتین نے معاشرتی رسوم کو موردِ الزام ٹھہرایا۔ یہ خاندانی اور معاشرتی رسم رواج بھی بنیادی طور پر مرد حصہ داروں کی لالچ کا دوسرا نام ہے۔ اگر کسی خاندان نے اسے اپنے رواج کا نام دے رکھا ہے تو اس کا مطلب ہے کہ اس خاندان کے مرد متفقہ طور پر شریعت کے قوانین کی مخالفت کا عہد کیے بیٹھے ہیں اور اس مخالفت کو نسل در نسل چلانے کا عزم بھی کیے ہوئے ہیں۔

## جدول نمبر۸

آپ شریعت کے مطابق وراثت میں حصہ نہ ملنے پر قانونی کارروائی کریں گی۔

| کل تعداد | کیا آپ شریعت کے مطابق وراثت میں حصہ نہ ملنے پر قانونی کارروائی کریں گی؟ | | | |
|---|---|---|---|---|
| | جی نہیں | شاید کریں | جی ہاں | |
| ۴۰ | ۲۷ | ۵ | ۸ | متنی |
| ۴۰ | ۲۸ | ۷ | ۵ | شاہ عالم |
| ۴۰ | ۳۰ | ۶ | ۴ | بڈھ بیر |
| ۳۹ | ۲۸ | ۴ | ۷ | سربند |
| ۴۱ | ۲۶ | ۸ | ۷ | شیخان پورہ |
| ۲۰۰ | ۱۳۹ | ۳۰ | ۳۱ | کل تعداد |

مذکورہ بالا سوال میں ۱۵.۵٪فیصد خواتین نے کہا کہ اگر انھیں وراثت میں حصہ نہیں دیا گیا تو وہ اپنا حق لینے کے لیے قانون کا سہارا لیں گی، جب کہ باقی ۶۹.۵٪فیصد خواتین نے اپنی رائے دیتے ہوئے بتایا کہ اگر انھیں وراثت سے محروم رکھا گیا تو وہ اپنے حق سے دست بردار ہو جائیں گی لیکن اپنے خاندان کے خلاف قانونی کارروائی نہیں کریں گی۔ ۱۵٪فیصد خواتین نے بتایا کہ اگر انھیں وراثت سے محروم رکھا گیا تو ہو سکتا ہے کہ وہ قانونی چارہ جوئی کا راستہ اختیار کریں۔

## جدول نمبر۹

آپ شریعت کے مطابق وراثت میں حصہ نہ ملنے پر کس کے کہنے / نصیحت پر قانونی کارروائی چھوڑ دیں گی۔

| کل تعداد | آپ شریعت کے مطابق وراثت میں حصہ نہ ملنے پر کس کے کہنے / نصیحت پر قانونی کارروائی چھوڑ دیں گی؟ | | | |
|---|---|---|---|---|
| | کسی کے کہنے پر اپنا حق نہیں چھوڑیں گی | والدہ | والد | |
| ۴۰ | ۷ | ۲۳ | ۱۰ | متنی |
| ۴۰ | ۸ | ۲۰ | ۱۲ | شاہ عالم |
| ۴۰ | ۴ | ۶ | ۳۰ | بڈھ بیر |
| ۳۹ | ۷ | ۲۲ | ۱۰ | سر بند |
| ۴۱ | ۸ | ۱۶ | ۱۷ | شیخان پورہ |
| ۲۰۰ | ۳۴ | ۸۷ | ۷۹ | کل تعداد |

مذکورہ بالا سوال کے مطابق ٪۳۹.۵فیصد خواتین نے بتایا کہ اگر انھیں وراثت میں حصہ نہ دیا گیا تو وہ والد کے کہنے پر قانونی کارروائی سے باز رہیں گی؛ جب کہ ٪۴۳.۵ فیصد خواتین نے اپنی رائے دی کہ وہ والدہ کے کہنے پر قانونی کارروائی کا ارادہ ترک کر دیں گی اور ٪۱۷فیصد خواتین نے بتایا کہ وراثت میں حصہ نہ ملنے پر قانونی کارروائی کریں گی اور اپنا حق نہیں چھوڑیں گی۔

## جدول نمبر۱۰

آپ چاہتی ہیں کہ آپ کو وراثت میں حصہ ملے۔

| کل تعداد | آپ چاہتی ہیں کہ آپ کو وراثت میں حصہ ملے۔ | | | |
|---|---|---|---|---|
| | جی نہیں | کسی حد تک | جی ہاں | |
| ۴۰ | ۸ | ۱۳ | ۱۹ | متنی |
| ۴۰ | ۶ | ۱۳ | ۲۱ | شاہ عالم |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بڈھ بیر | ۲۶ | ۷ | ۷ | ۴۰ |
| سر بند | ۱۶ | ۱۵ | ۸ | ۳۹ |
| شیخان پورہ | ۲۴ | ۱۲ | ۵ | ۴۱ |
| کل تعداد | ۱۰۶ | ۶۰ | ۳۴ | ۲۰۰ |

مذکورہ بالا جدول میں دیے گئے سوال کے مطابق ۵۳٪ فیصد خواتین نے بتایا کہ وہ چاہتی ہیں کہ انھیں وراثت میں حصہ دیا جائے؛ کیوں کہ یہ ان کا شرعی اور قانونی حق ہے اور اس حق سے انھیں محروم نہ کیا جائے۔ جب کہ ۱۷٪ فیصد خواتین نے اپنی رائے ظاہر کی کہ وہ وراثت میں حصہ نہیں لینا چاہتیں، وہ بھائیوں کی خاطر اس حق سے دست بردار ہونا چاہتی ہیں اور اسی طرح ۳۰٪ فیصد خواتین نے بتایا کہ وہ کسی حد تک چاہتی ہیں کہ انھیں وراثت میں حصہ ملے؛ کیوں کہ یہ ان کا شرعی حق ہے۔

## ضلع پشاور میں حقِ میراث برائے خواتین کے موانع

شریعتِ اسلامیہ نے خواتین کو وراثت میں حصہ دار ٹھہرایا ہے۔ پاکستان چوں کہ اسلام کے نام پر معرضِ وجود میں آیا، اس لیے اس کے قوانین بھی اسلامی ہونے چاہییں۔ پاکستانی قانون کے مطابق خواتین کا حصہ وراثت میں موجود ہے، لیکن اس کی نوعیت شریعتِ اسلامی کے قانونِ وراثت سے کچھ مختلف ہے۔ بہر حال یہ بات واضح ہے کہ اسلامی قانون اور پاکستانی قانون کے مطابق خواتین کا حصہ وراثت میں موجود ہے، لیکن معاشرے میں درپیش مسائل کی وجہ سے خواتین وراثت میں حصے سے محروم کر دی جاتی ہیں۔ خواتین وراثت میں اپنا حصہ لینا چاہتی ہیں، لیکن اکثر اوقات انھیں وراثت میں حصہ نہیں دیا جاتا۔ اس محرومی کی وجوہات میں معاشرتی جکڑ بندیاں، خاندان، رسم ورواج، قانونی پیچیدگیاں، والدین اور بھائیوں کا آڑے آنا ہے۔ بہت سے واقعات میں بھائی نہیں چاہتے کہ ان کی جائے داد بہنوں کو ملے اور بہنوں کو وراثت سے محروم کرنے کی غرض سے انھیں ڈرایا اور دھمکایا جاتا ہے تاکہ وہ دباؤ میں آکر حق وراثت کا مطالبہ نہ کریں۔ ہمارے شماریاتی جائزے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ بعض خواتین وراثت میں اپنے حصے سے دست بردار صرف اس وجہ سے ہو جاتی ہیں کہ وہ خون خرابہ نہیں چاہتیں اور اپنے والدین کے کہنے پر اپنا حق میراث چھوڑ دیتی ہیں۔ خواتین کا کہنا ہے کہ جو حق اللہ تبارک وتعالیٰ نے انھیں دیا ہے اس سے انھیں محروم نہ کیا جائے، لیکن محرومی کی بڑی وجہ بھائیوں کا آڑے آنا ہے؛ کیوں کہ بھائی نہیں چاہتے کہ ان کی بہنوں کو وراثت میں حصہ دیا جائے۔ یہی صورت حال ضلع پشاور میں بھی دیکھنے میں آئی ہے کہ خواتین کو وراثت سے محروم

کرنے والی شخصیات میں والدین، سسرالی اور خاص کر بھائی شامل ہیں اور اس محرومی میں اہم کردار معاشرے کے رسوم و رواج ادا کر رہے ہیں۔ اگر کوئی خاتون اپنا حق لینے کے لیے قانون کا دروازہ کھٹکھٹانے کی جرأت کرتی ہے تو والدین اور بھائی ان سے ہمیشہ کے لیے رشتہ ناطہ توڑنے کی بات کرتے ہیں جس کی وجہ سے اگر عورت اپنا حق میراث لینا چاہے بھی تو نہیں لے سکتی؛ کیوں کہ اس کے لیے ان رشتوں کو جن سے وہ ماں، بہن، بیوی اور بیٹی کی حیثیت سے وابستہ ہوتی ہے، انھیں چھوڑ دینا کافی دشوار ہوتا ہے۔ اس لیے سمجھوتہ کر کے وہ اپنے حقِ وراثت سے ہی دست بردار ہو جاتی ہے۔ دوسری طرف عدالت سے انصاف کی وصولی اس قدر مشکل امر ہے کہ اس میں سالوں سال بیت جاتے ہیں لیکن انصاف نہیں ملتا۔ اس لیے قانونی چارا جوئی سے خواتین گھبراتی ہیں اور اپنا حق میراث چھوڑ دیتی ہیں۔

اس شماریاتی جائزے سے اس بات کی وضاحت ہوتی ہے کہ اگرچہ ضلع پشاور میں باقی ملک کی نسبت خواتین کو وراثت کا حق دینے کی شرح نسبتاً بہتر ہے تاہم بالعموم خواتین کا حقِ میراث محفوظ نہیں ہے اور معاشرے کی بہت سی خواتین حقِ میراث سے محروم ہیں جس کی بنیادی وجہ معاشرہ، رسم ورواج اور خاندانی نظام کی جکڑ بندیاں ہیں۔

## نتائجِ تحقیق

پاکستان کا شمار دنیا کے ان ممالک میں ہوتا ہے جہاں عورت کو وراثتی حقوق یا جائے داد کی ملکیت دینے کی شرح کم ترین ہے۔ جائے داد میں حصے اور ملکیت کے حقوق سے متعلق کام کرنے والی بین الاقوامی تنظیم آئی پی آر آئی(IPRI) کی ۲۰۰۸ء میں شائع ہونے والی رپورٹ میں خواتین کو جائے داد کی ملکیت کے حقوق دینے والے ۱۱۵ ممالک کی درجہ بندی میں پاکستان کو ۹۳ویں نمبر پر رکھا گیا ہے۔[۲۶] خواتین کے جائیداد میں حصے سے متعلق واضح قوانین تو موجود ہیں لیکن فرسودہ رسوم ورواج کی تقلید کرتے ہوئے اُنھیں اس حق سے جبراً محروم رکھا جاتا ہے یا وہ خود معاشرتی دباؤ کی وجہ سے اپنا حق چھوڑ دیتی ہیں۔ یہاں تک کہ خواتین کو قتل، کاروکاری، ونی تک کرنے کی ایک وجہ وراثت میں ملی جائے داد کی تقسیم بنتی ہے۔ مذہب اور ریاستی قوانین کے مطابق عورت کا اپنے بھائی، بہن، ماں باپ، شوہر اور دیگر رشتے داروں کی جائے داد میں حصہ مقرر ہے۔ وراثت میں ملنے والی جائے داد میں خواتین کو ان کا حق نہ دینے سے متعلق پارلیمان میں ایک ایکٹ کے ذریعے قانون سازی بھی کی گئی۔ Prevention of Anti-Women Practices Act, 2011 کے تحت خاتون کو حقِ وراثت سے محروم کیے جانے پر دس سال

26– Shaista Naznin, "Discrimination in Realizing Women's Inheritance and Property Rights in Pakistan," *Journal of Law and Society* 45, no. 65 (2014): 36.

قید اور دس لاکھ روپے جرمانے کی سزا متعین کی گئی تھی۔ (۲۷)

خواتین کی اس حق تلفی کی اہم اور بنیادی وجہ وراثت کے قوانین سے بے خبری ہے جب کہ اگر عورت اپنے حق کے لیے آواز اٹھاتی ہے تو مختلف حربوں سے اس پر الزام لگانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ قرآن سے شادی کی جاتی ہے، ونی کیا جاتا ہے، جھوٹے الزامات لگا کر بد چلن ثابت کیا جاتا ہے اور پھر غیرت کے نام پر قتل تک کر دیا جاتا ہے۔ تحقیقات کے بعد پتہ چلتا ہے کہ اصل مقصد تو وراثت سے محروم کرنا تھا۔ اسی طرح ضلع پشاور کی خواتین کو وراثت سے محروم کرنے کے لیے مختلف حربوں سے اس پر بد چلنی کے الزامات لگائے جاتے ہیں اور پھر غیرت کے نام پر قتل کر دیا جاتا ہے جو انتہائی سنگین جرم ہے؛ اس لیے جب ضلع پشاور کی خواتین کو وراثت سے محروم کیا جاتا ہے تو وہ ڈر اور خوف کی وجہ سے حقِ وراثت سے دست بردار ہو جاتی ہیں۔ واضح قوانین اور سزاؤں کا تعین ہونے کے باوجود ان پر عمل درآمد نہ ہونا ایک بڑا مسئلہ ہے۔

## تجاویز وسفارشات

ذیل میں چند تجاویز وسفارشات پیش کی جارہی ہیں۔

۱۔ پاکستان چوں کہ اسلام کے نام پر معرضِ وجود میں آیا ہے اس لیے پاکستان کا قانونِ وراثت شریعت سے کافی حد تک ہم آہنگ ہے، لیکن مرد حصہ داروں سے اس پر عمل درآمد کروانے کی ضرورت ہے۔

۲۔ حکومت پاکستان کا اولین فریضہ ہے کہ وہ ملک میں اسلامی قانون کا مکمل نفاذ کرائے یعنی اسلامی احکام کی پاس داری کروائی جائے اور دیگر مسائل کے ساتھ ساتھ خواتین کے حقِ میراث کی ادائی کو ممکن بنائے۔

۳۔ حکومت خود وقتاً فوقتاً اس بات کا جائزہ لیتی رہے کہ جن افراد کا انتقال ہو گیا ہے کیا ان کی جائے داد ان کی خواتین حصہ داروں کو بھی ملی ہے یا نہیں۔ اگر نہیں تو مرد حصہ داروں کے خلاف قانونی چارہ جوئی کر کے ان سے خواتین کا حصہ واپس لے کر اصل حق داروں کو دیا جائے۔

۴۔ خواتین کو حقِ میراث نہ ملنے کی بڑی وجوہات میں خاندانی رواج اور معاشرتی رسوم کار فرماں ہیں۔ حکومت پاکستان کو اس جانب بھی توجہ مبذول کرنی چاہیے اور ہر ممکن اقدام کر کے اصلاح کو یقینی بنانا چاہیے تا کہ خواتین کے لیے حقِ میراث کی فراہمی آسان ہو سکے۔

۵۔ عدالتوں سے انصاف کی فراہمی کو سہل اور یقینی بنایا جائے تا کہ اگر کوئی خاتون اپنے حق کی فراہمی کے

---

27– "Prevention of Anti-Women Practices Act, 2011,"

لیے عدالت کا دروازہ کھٹکھٹائے تو انصاف ملنا آسان ہو۔

۶۔ خواتین کے حقوق کے لیے شہری علاقوں کے ساتھ ساتھ دیہی، مضافاتی اور پسماندہ علاقوں میں آگاہی سیمینارز، ورکشاپس اور کانفرنسز کا انعقاد کیا جائے۔

۷۔ حق میراث کے لیے بنائے گئے قوانین کو عملی طور پر نافذ کرنے کے لیے پولیس اور ریونیو ڈیپارٹمنٹ کو مؤثر طریقے سے فعال کیا جائے۔

۸۔ عورت کے وراثت سے دست بردار ہونے کی صورت میں میراث رشتہ داروں میں تقسیم کرنے کے بجائے حکومتی تحویل میں دے دی جائے، یا کسی مسجد، مکتب، درگاہ وغیرہ کے لیے وقف کر دی جائے۔

۹۔ وراثتی حق تلفی کرنے والوں کے خلاف عملی اور مؤثر کاروائی کی جائے، تاکہ معاشرے میں سبق اور عبرت پھیلے۔

۱۰۔ انسانی حقوق کی وزارت نے خواتین کو مفت قانونی امداد فراہم کرنے کے لیے ایک ہیلپ لائن ۱۰۹۹ بھی شروع کی ہے۔ اس ہیلپ لائن کے ذریعے کوئی بھی خاتون اپنے حق کے لیے آواز اٹھاسکتی ہے یا اپنی شکایت نوٹس میں لاسکتی ہے۔ ایسی سہولیات اور اطلاعات کی نمایاں تشہیر بھی ضروری ہے۔

۞ ۞ ۞ ۞ ۞

# List of Sources in Roman Script


- ‘Imran, Rashid ‘Imran. *Pishavar Sadar Tarikh ke ’A’ine main.* Peshawar: Liyaqat Bazar, 2001.
- “‘Ilm al-Mirath.” In *Urdu Da’irah-i Ma‘arif-i Islamiyyah.* Lahore: Danishgah-i Panjab, 1980.
- “Prevention of Anti-Women Practices Act, 2011.” Accessed September 1, 2021, http://shrc.org.pk/laws/Pakistan/16-Prevention-of-Anti-Women-Practices-Act-2011.pdf.
- Al-Bukhari, Muhammad b. Isma‘il. *Sahih al-Bukhari.* Beirut: Dar Ibn Kathir, 2004.
- Al-Rahman, Munib. *Tahaffuz-i Huquq-i Nisvan Bill: Haqa’iq Kya hain?* Karachi: Idarah-i Ma‘arif al-Qur’an, n.d.
- Al-Rahman, Tanzil. *Majmu‘ah-i Qavanin-i Islam.* Islamabad: Idarah-i Tahqiqat-i Islami, 2004.
- Hami, ‘Abd Allah Mar‘i b. Mahfuz. *Islam aur Digar Madhahib-o Mu‘asharun main ‘Aurat ke Huquq-o Masa’il.* Translated by Mufti Thana’ Allah Mahmud. Karachi: Dar al-Isha‘at, 2001.
- Husain, Maulana Sayyid Asghar. *Mufid al-Warithin.* Lahore: Idarah-i Islamiyat, 1980.
- Husain, Sayyid Amjad. *‘Alam main Intikhab Peshavar.* USA: Literary Circle of Toledo, America, 1999.
- Iqbal, Javaid. *Thaqafat-i Sarhad Tarikh ke ’A’ine main.* Lahore: Al-Faisal Nashiran, n.d.
- Jawad, Haifaa A. *The Right of Women in Islam: An Authentic Approach.* London: Macmillan Press, 1998.

- Nasim, Hamid. *Ta'aruf al-Furqan*. Karachi. Fadali Sons, 1994.
- Naznin, Shaista. "Discrimination in Realizing Women's Inheritance and Property Rights in Pakistan." *Journal of Law and Society* 45, no. 65 (2014)
- Shahbaz, Anjum Sultan. *Aqvam-i Pakistan ka Encyclopedia*. Lahore: Matba' Zahid Bashir, 2009.
- Siddiqi, Muhammad Yasin Mazhar. *Makki 'Ahad main Islami Ahkam ka Irtiqa'*. Lahore: Nashariyat, 2008.
- Taunki, Wali Hasan. *'A'ili Qavanin Shari'at ki Raushani main*. Karachi: Majlis-i Da'wat-o Tahqiq-i Islami, 2003.